سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

# سنّت کے مطابق

# لباس پہننا

14 مئی، 2026ء



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): جائزہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل سنّت کے مطابق لباس پہننے کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور نیا لباس پہنتے وقت کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

# سنّت کے مطابق لباس پہننا

## درود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: جس نے مجھ پر صبح و شام 10، 10 بار درودِ پاک پڑھا اُسے قیامت کے دن میری شَفاعَت ملے گی۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## نیک عمل نمبر 25

پیارے اسلامی بھائیو! امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے طرح طرح کے ناجائز فیشن سے پیچھا چھڑانے، گناہوں سے بچنے اور سنتوں کے مطابق زندگی گزارنے کے لیے اسلامی بہنوں، اسلامی بھائیوں اور طلبا وغیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اعمال کے مختلف رسائل ترتیب دیئے ہیں۔ آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے نیک عمل نمبر: 25 کے بارے میں سیکھیں گے۔

**نیک عمل نمبر 25:** کیا آج آپ نے سنّت کے مطابق لباس پہنا؟

---

1 ... مجمع الزوائد، کتاب الاذکار، باب مایقول اذا اصبح واذا امسی، جلد: 10، صفحہ: 120، حدیث: 17022۔

## لباس کسے کہتے ہیں؟

جو کچھ پہنا جائے، مثلاً قمیص، عمامہ، ٹوپی، چادر وغیرہ اسے **لباس** کہتے ہیں۔[1]

**سنّت کے مطابق لباس:** سنت کے مطابق لباس میں یہ چیزیں شامل ہیں: ❁ عمامہ ❁ قمیض ❁ تہبند ❁ جوتے۔[2]

**وضاحت:** ❁ عمامہ شریف کم از کم اڑھائی گز اور زیادہ سے زیادہ 6 گز کا ہونا سنت ہے[3] اور اس کے نیچے سربند باندھنا بھی سنت ہے ❁ قمیض کے دامن کی لمبائی آدھی پنڈلی تک، آستین کی لمبائی زیادہ سے زیادہ انگلیوں کے پوروں تک اور چوڑائی ایک بالشت سنت ہے۔[4] ❁ تہبند باندھنا سنت ہے۔ نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا تہبند ناف کے اوپر سے لے کر ٹخنوں سے اونچا ہوتا۔[5] شلوار یعنی زیر جامہ اگرچہ نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے زَیبِ تن نہیں فرمایا، لیکن پہننے والوں کی تعریف فرمائی اور آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے اس کا خریدنا بھی ثابت ہے۔[6] ❁ جوتا پہننا سنت ہے۔ حدیث پاک میں ہے: جوتے بکثرت استعمال کرو کہ آدمی جب تک جوتے پہنے رکھتا ہے گویا وہ سوار رہتا یعنی کم تھکتا ہے۔[7]

## آیت مبارکہ

اللہ پاک نے فرمایا:

یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْكُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ | ترجمۂ کنزُالعرفان: اے آدم کی اولاد! بیشک ہم نے

1 ...مرآۃ المناجیح، کتاب الباس، جلد:6، صفحہ:91، ملخصًا۔
2 ...تفسیر نعیمی، پارہ:8، سورۂ اعراف، تحت آیت:26، جلد:8، صفحہ:405۔
3 ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:186۔
4 ...بہار شریعت، جلد:3، صفحہ:409۔
5 ...کشف الالتباس فی استحباب اللباس، صفحہ:45، جمعیت اشاعت اہلسنت کراچی۔
6 ...فتاویٰ رضویہ جلد:22، صفحہ:193۔
7 ...مسلم، کتاب اللباس، باب اِستحباب لبس النعال... اِلخ، صفحہ:835، حدیث:2096۔

سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشًا ؕ وَلِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾ (پارہ:8،الاعراف:26)

تمہاری طرف ایک لباس وہ اُتارا جو تمہاری شرم کی چیزیں چھپاتا ہے اور (ایک لباس وہ جو) زیب و زینت ہے اور پرہیز گاری کا لباس سب سے بہتر ہے۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں۔

اس آیت میں بیان کیا گیا: اللہ پاک نے 3 طرح کے لباس عطا فرمائے۔ (1): ایسا لباس جس سے ستر ڈھانپا جاسکے (2): ایسا لباس جو زینت کے لیے پہنا جائے۔ مثلاً: صاف ستھرے اور باوقار کپڑے پہننا (3): لباسِ تقویٰ یعنی ایمان و اعمالِ صالحہ کا لباس اور یہ لباس سب سے افضل ہے۔[1]

## فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

سفید لباس پہنو! کیونکہ یہ زیادہ صاف اور پاکیزہ ہے اور اپنے مردوں کو بھی اسی میں کفناؤ۔[2]

## لباس کے متعلق احکام

(1): اتنا لباس پہننا کہ سَتر (مرد کے لیے ناف سے گھٹنے تک) چھپ جائے اور سردی گرمی کی تکلیف سے بچا جاسکے فرض ہے۔[3] لہٰذا ایسا نکر وغیرہ پہننا جس سے گھٹنے یا رانیں وغیرہ کھلی رہیں جیسے آج کل بعض لوگ پہنتے ہیں یہ حرام ہے۔ (2): اللہ پاک کی نعمت کے اظہار کے لیے عمدہ اور باوقار لباس پہننا مُستَحب ہے۔[4] (3): تکبر کے طور پر جو لباس پہنا جائے وہ ممنوع ہے۔[5] (4): اِسبال (کپڑا لٹکانا) مثلاً ❁ قمیض کا دامَن یا اِزار (مثلاً: تہبند، شلوار، پاجامے یا پینٹ وغیرہ) کے پائنچے ٹخنوں سے نیچے لٹکانا ❁ عمامے کا شملہ اِتنا لمبا

1 ...تفسیر نعیمی، پارہ:8، سورۂ اعراف، تحت الآیت:26، جلد:8، صفحہ:405و408 ملتقطاً۔
2 ...سنن ترمذی، کتاب الادب، باب ماجاء فی لبس البیاض، صفحہ:656، حدیث:2810۔
3 ...بہارِ شریعت، جلد:3، صفحہ:409۔
4 ...بہارِ شریعت، جلد:3، صفحہ:409۔
5 ...بہارِ شریعت، جلد:3، صفحہ:409۔

رکھنا کہ بیٹھنے میں دَبے ❁ آستین (یعنی قمیض وغیرہ کے بازُو) انگلیوں سے نیچے لٹکانا وغیرہ یہ سب ممنوع ہے،(1) اگر تکبر کی نیت سے ہو تو حرام ہے۔(2)

## سنّت کے مطابق لباس پہننے کے فوائد

❁ سنّت کے مطابق لباس پہننا سَتر کو مکمل طور پر ڈھانپتا ہے ❁ سنّت کے مطابق لباس پہننے میں سادگی ہے۔ ❁ حدیث پاک میں ہے: سادگی ایمان سے ہے۔ ❁ ایک حدیث پاک کے مطابق: جو باوجود قدرت سادہ لباس پہنے اللہ پاک اسے عزّت و کرامت کا حُلّہ پہنائے گا ❁ سنّت کے مطابق لباس پہننے میں صفائی ستھرائی اور وقار ہے ❁ سنّت کے مطابق لباس پہننے سے نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم سے محبت کا اظہار ہوتا ہے ❁ سنّت کے مطابق لباس پہننے سے بندہ بہت سے گناہوں سے محفوظ رہتا ہے، مثلاً اِسبال (ٹخنوں سے نیچے کپڑا لٹکانا)، بے پردگی اور غیر شرعی وضع قطع وغیرہ۔ ❁ سنّت کے مطابق لباس پہننے سے اسلامی شناخت نمایاں ہوتی ہے۔

## سنّت کے مطابق لباس پہننے کی عادت بنانے کے طریقے

❁ فیشن پرستی چھوڑیئے اور پیارے آقا صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی پیاری پیاری سنتوں سے رشتہ جوڑ لیجئے ❁ دل میں عشقِ مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم بڑھایئے ❁ صحابہ کرام و بزرگانِ دین کی سیرت کا مطالعہ کیجئے بالخصوص ان کے سنت پر عمل کرنے والے واقعات پڑھیے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:25 کے مطابق **سنت کے مطابق لباس پہننے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیّت کیجئے! کہ آئندہ سُنّت کے مطابق لباس پہنیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیین صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

1 ...بہار شریعت، جلد:1، صفحہ:632۔

2 ...فتاویٰ رضویہ، جلد:22، صفحہ:164۔

# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

## نیا لباس پہنتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَاۤ اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَ اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَيَاتِیْ

**ترجمہ:** اللہ پاک کا شکر ہے جس نے مجھے وہ کپڑا پہنایا جس سے میں اپنا ستر چھپاتا ہوں اور زندگی میں اس سے زینت حاصل کرتا ہوں۔[1]

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟

---

1 ... سنن ترمذی، کتاب الدعوات، صفحہ: 327، حدیث 3571۔

(31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوّابین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے /سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟ (54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟